**DAR-UL-MADINAH**
**INTERNATIONAL ISLAMIC SCHOOL SYSTEM**

سہ ماہی

# ای نیوز لیٹر

## اپریل تا جون ۲۰۲۶ء



**ENROL NOW**

For online registration
**www.darulmadinah.net**

JOIN OUR
**WHATSAPP CHANNEL**
for school events & activities

ہدایت
اس نیوز لیٹر کا پرنٹ ہرگز نہ نکالیے، کیونکہ اس میں جاندار
کی تصاویر ہیں اور جاندار کی تصویر کا پرنٹ نکالنا شرعاً جائز نہیں۔

# نُورِ ہدایت

## سُوۡرَةُ النِّسَاۤءِ

وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىۡ تَسَآءَلُوۡنَ بِهٖ وَالۡاَرۡحَامَ ؕ

ترجمہ کنزالعرفان: اور اللہ سے ڈرو جس کے نام پر مانگتے ہو اور رشتوں کا لحاظ رکھو

پارہ 4 ، آیت:1



# حدیث مبارک

اللہ پاک کے آخری نبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ اَحَبَّ اَنْ یُبْسَطَ لَہٗ فِیْ رِزْقِہٖ
وَیُنْسَاَ لَہٗ فِیْ اَثَرِہٖ فَلْیَصِلْ رَحِمَہٗ



جسے یہ پسند ہو کہ اس کے رِزْق میں وُسعت ہو اور
عمر میں اضافہ ہو، اسے چاہیے کہ صلۂ رحمی کرے۔

﴿مسلم، ص1062، حدیث:6524﴾

# گروپ سی ای او کا پیغام

تعلیم ہر معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے،
لیکن صرف تعلیم ہی ایک کامیاب اور باکردار فرد کی ضمانت نہیں ہوتی۔ بلکہ طلبہ اور تعلیمی اداروں کے عملے کی تربیت بھی اہم ہے، کیونکہ یہی تربیت ان کی شخصیت میں اخلاق، کردار، ذمہ داری اور اللہ تعالیٰ و رسولِ کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت کو پروان چڑھاتی ہے۔

اسی مقصد کے پیشِ نظر دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام 12 اور 13 جون کو دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے تمام اسٹاف کے لیے تربیتی اجتماع کا انعقاد عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی میں کیا گیا۔ اس اجتماع میں خصوصی طور پر امیر اہلِ سنت دامت برکاتہم العالیہ، نگرانِ شوریٰ مولانا عمران عطاری، مفتی کفیل عطاری صاحب اور دیگر ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی نے شرکاء کی دینی و اخلاقی تربیت فرمائی۔ بالخصوص امیر اہلِ سنت کے مدنی مذاکرے میں شرکت تمام اسٹاف کے لیے ایک یادگار موقع ثابت ہوئی، جہاں انہوں نے علمِ دین کے بے شمار مدنی پھول حاصل کیے اور اپنی عملی زندگی میں بہتری کے لیے قیمتی رہنمائی پائی۔

الحمد للہ! دارالمدینہ اپنی تعلیمی خدمات کو عالمی سطح پر وسعت دینے کے لیے ایک اہم قدم اٹھا رہا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ میں مقیم پاکستانی طلبہ کی تعلیمی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جلد ہی دارالمدینہ آن لائن اسکول کا آغاز کیا جائے گا۔

اس کے علاوہ تعلیمی اہداف کے حصول کے لیے **Global School of Career Advancement** کے تحت طلبہ کے لیے **Skill-Based Training Sessions** اور **Teachers** کے لیے **Early Years Montessori Certification & Diploma Program** کا بھی آغاز کیا جا رہا ہے۔ جس سے تدریسی معیار میں مزید بہتری آئے گی اور ابتدائی جماعتوں کے طلبہ کو جدید اور مؤثر تعلیمی ماحول میسر ہو گا۔ میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ دارالمدینہ کو مزید ترقی، کامیابی اور امتِ مسلمہ کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

ڈاکٹر دانش اقبال عطاری


DAR-UL-MADINAH
INTERNATIONAL ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
GIVE YOUR CHILD
The Best Start!
Quranic Education
Tarbiyah-Integrated Curriculum
STEM & Robotics
Social & Life Skills
Cognitive & Emotional Skills
Co-Curricular Activities
ADMISSIONS
OPEN
SESSION 2026-27
Scan me
Sindh: 0315-8661388
Punjab: 0313-2626024
APPLY ONLINE
www.darulmadinah.net

# راہِ تربیت

## بچّوں کو قراٰن سے جوڑیئے

بچّوں کو قراٰن سے کیسے جوڑیں؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جو دینی سوچ رکھنے والے والدین کے ذہن میں آتا ہے۔ یاد رکھیے! بچّوں کو قراٰن سے جوڑنا کوئی ایک دن کا کام نہیں بلکہ مسلسل محنت، حکمتِ عملی اور عملی تربیّت سے ممکن ہے۔ یہاں ہم چند باتوں کی طرف توجّہ دلانا چاہتے ہیں جن پر عمل کر کے والدین اپنے بچّوں کا تعلق قراٰن سے مضبوط کر سکتے ہیں۔

### قراٰن سے محبّت پیدا کریں

بچّوں کو قراٰن سے جوڑنے کے لیے سب سے پہلے ان کو یہ احساس دیں کہ قراٰن اللہ کی کتاب ہے، اس سے محبّت عین ایمان ہے۔ بچّوں کو بتائیں کہ اللہ جس سے محبّت کرتا ہے اسے قراٰن پڑھنے، پڑھانے، سمجھنے اور سمجھانے کی توفیق دیتا ہے۔ بچّوں کو بتائیں کہ قراٰن سیکھنے اور سکھانے والے سب سے بہتر لوگ ہیں۔ (بخاری،3/410،حدیث:5027) بچّوں کو بتائیں کہ قراٰن وہ عظیم کتاب ہے جو اپنے سیکھنے سکھانے اور عمل کرنے والے کی شفاعت کرے گی اور جنّت میں لے کر جائے گی۔ (تاریخ ابن عساکر،3/41، معجم کبیر،10/198، حدیث:10450) بچّوں کو بتائیں کہ کسی کو قراٰن کی ایک آیت سکھانا ثواب جاریہ کا سبب ہے۔ (جمع الجوامع،7/209،حدیث:22456) جب اس انداز میں بچّوں کو قراٰن کی اہمیّت بتائیں گے تو ان شاءاللہ ان کے دل میں قراٰن کی محبّت پیدا ہوگی اور قراٰن کے ساتھ تعلّق بھی مضبوط ہوگا۔

### بچّوں کے لیے دُعا کریں

بچّوں کو قراٰن سے جوڑنے کے لیے ایک مؤثر ذریعہ دُعا ہے والدین کو چاہیے کہ وہ اخلاص کے ساتھ اللہ کے حُضور یہ دُعا کریں کہ وہ ہمارے بچّوں کے دلوں میں قراٰنِ کریم کی محبّت، اس کی سمجھ اور اس پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

### تلاوت کا ماحول بنائیں

بچّوں کو قراٰن سے جوڑنے کے لیے گھر میں تلاوتِ قراٰن کرنے، سننے اور سنانے کا ماحول بنانا ضَروری ہے۔ اس کے لیے گھر میں روزانہ کچھ نہ کچھ وقت قراٰن کی تلاوت کی جائے۔ سونے سے پہلے **3** قُل یا سورۂ ملک پڑھی اور سنی جائے۔ اللہ نے چاہا تو بچّے قراٰن سے جُڑے رہیں گے۔

### چھوٹی سورتیں یاد کروانے کا اہتمام کریں

بچّوں کو قراٰن سے جوڑنے کا ایک ذریعہ یہ بھی ہے کہ ان کو چھوٹی سورتیں یاد کروانے کا اہتمام کیا جائے۔ سب سے پہلے: **3** قُل، سورۃُ العصر، سورۃُ الکوثر، سورۂ قریش اور اس طرح کی دیگر سورتیں یاد کروائی جائیں۔

## قرآنی واقعات سنائیے

بچّے قصے کہانیاں سننا پسند کرتے ہیں لہٰذا بچّوں کو قراٰن سے جوڑنے کے لیے قرآنی واقعات سنانا بھی مفید ثابت ہوگا۔ مکتبۃُ المدینہ کی کتاب "عجائب القرآن مع غرائب القرآن" اس سلسلے میں معاون ثابت ہوگی۔ نیز مدنی چینل کا سلسلہ "ایک قصہ ہے قراٰن سے" بھی بہت فائدہ مند ہے۔

## خوش اِلحان قُرّاء کی تلاوت سنائیں

بچّوں کو قراٰن سے جوڑنے کے لیے خوش اِلحان اور تجوید کے قواعد و ضوابط کے ساتھ قراٰن پڑھنے والے قرّاء حضرات کی تلاوت سنائیں۔ ان شاءاللہ اس سے بچّے قراٰن پڑھنے کی طرف مائل ہوں گے اور خوش اِلحانی کے ساتھ تلاوت کرنے کی کوشش کریں گے۔
دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ پر چار مختلف قرّاء کی خوبصورت آواز میں ہر سورت کی الگ الگ آڈیو تلاوت اس لنک پر موجود ہے:

## قرآنی مقابلہ کروائیں

بچّوں کو قراٰن سے محبّت دلانے اور ان میں دلچسپی پیدا کرنے کا ایک مؤثر ذریعہ قرآنی مقابلے ہیں۔ مقابلے سے بچّوں میں بہتر اور صحیح تجوید کے ساتھ قراٰن پڑھنے اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنے کا شوق پیدا ہوگا۔ والدین کو چاہیے کہ مقابلوں کو سخت امتحان کے بجائے ایک خوشگوار سرگرمی بنائیں جس سے بچّے قراٰن سے جڑے رہیں۔

## قرآنی مقابلوں کی مثالیں

* بچّوں میں مختلف سورتیں خوبصورت آواز اور صحیح تجوید کے ساتھ پڑھنے کا مقابلہ کروائیں۔
* بچّوں میں چھوٹی سورتیں، قرآنی دُعائیں یا منتخب آیات یاد کرنے کا مقابلہ کروایا جائے۔ مثلاً: سورۃُ العصر، سورۃُ الفیل، سورۃ الکوثر، سورۃُ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس اور آیتُ الکرسی وغیرہ۔
* قرآنی اخلاق مقابلہ کروایا جائے جس میں بچّوں کو قراٰن میں بتائے گئے اچھّے اخلاق جیسے: سچ بولنا، نَماز قائم کرنا، والدین سے حُسنِ سُلوک وغیرہ کی عملی مثالیں بتانے کو کہا جائے۔
* قرآنی کہانی کا مقابلہ کروایا جائے جس میں بچّے قراٰن میں آنے والے واقعات کو اپنی زبان میں سنائیں، جیسے: حضرت خضر اور موسیٰ علیہما السلام کا واقعہ، حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اللہ پر بھروسا، اَصحابِ کہف کا ایمان وغیرہ۔

مقابلے میں جو بچّہ اچّھی کارکردگی دکھائے اس کی تعریف اور حوصلہ افزائی کریں، ممکن ہو تو کوئی انعام بھی دیں اس سے بچّوں کا قراٰن سے تعلّق مزید مضبوط ہوگا۔

## قرآنی اجتماعات میں شرکت کروائیے

درسِ قراٰن اور ختمِ قراٰن جیسے عنوانات سے قرآنی اجتماعات ہوتے ہیں ان اجتماعات میں اپنے ساتھ سمجھدار بچّوں کو شرکت کروانا بھی قراٰن کے ساتھ تعلّق مضبوط ہونے کا ذریعہ ہے۔ اس طرح کے اجتماعات سے نہ صرف ان کے دلوں میں قراٰن کی محبّت پیدا ہوگی بلکہ نیک ماحول میں بیٹھنے کی بَرَکت سے ان کی شخصیت میں اَدَب، عاجزی اور دین سے وابستگی مزید بڑھ جائے گی۔

# تربیتی اور پروفیشنل ڈیولپمنٹ سیشنز

اسلامی اقدار کے فروغ، پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور ادارے کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ایجوکیشن کونسل، دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام 12 تا 13 جون 2026 فیضانِ مدینہ، کراچی میں دوروزہ تربیہ وپروفیشنل ڈویلپمنٹ سیشنز کا انعقاد کیا گیا۔ ان سیشنز میں دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم، دارالمدینہ کیمبرج، فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے پاکستان بھر سے اسٹاف ممبران نے شرکت کی۔

پروگرام کے پہلے سیشن سے مفتی محمد کفیل رضا مدنی نے خطاب کرتے ہوئے "نصاب میں پائی جانے والی شرعی اغلاط کی نشاندہی اور اس سے متعلق اساتذہ کیلئے احتیاطی مدنی پھول" کے موضوع پر مفصل رہنمائی فراہم کی۔ انہوں نے اساتذہ کو اسلامی نظریات کی روشنی میں طلبہ کی ذہن سازی کرنے کے طریقے بتائے۔







پروگرام کے دوسرے اور تیسرے سیشنز دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کے نگران، محمد عمران عطاری نے کیے۔ انہوں نے مثالی اور بااثر اساتذہ کی صفات، پیشہ ورانہ اخلاقیات، ماتحت عملے کے ساتھ مؤثر روابط، تعلیمی معیار میں بہتری اور انتظامی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے قیمتی رہنمائی فراہم کی۔ سیشن کے اختتام پر سوال وجواب کا سلسلہ بھی منعقد ہوا، جس میں شرکاء نے تعلیمی و انتظامی امور سے متعلق اپنے سوالات، آراء اور تجاویز پیش کیں۔ خواتین اسٹاف ممبران اور بیرونِ ملک سے وابستہ شرکاء نے بھی آن لائن شرکت کی، جس سے پروگرام کی افادیت اور وسعت میں مزید اضافہ ہوا۔















# ہیڈ آفس اسٹاف کے لیے تربیتی سیشن کا انعقاد

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے ہیڈ آفس (کراچی) میں اسٹاف کے لیے ایک بامقصد تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس کا موضوع "گناہوں کی وجہ سے آنے والی آزمائشیں اور مشکلات" تھا۔ سیشن میں دعوتِ اسلامی کے مبلغ مدثر مدنی نے بیان کیا۔

اپنے بیان میں انہوں نے زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کے اسباب پر روشنی ڈالتے ہوئے خود احتسابی، سچی توبہ، اصلاحِ اعمال اور اللہ تعالیٰ سے مضبوط تعلق قائم رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ شرکاء نے اس روح پرور سیشن کو نہایت مفید قرار دیا اور اپنی عملی زندگی میں ان رہنما اصولوں پر عمل کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔














# سی ای او دار المدینہ کا راولپنڈی کیمپس کا وزٹ

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے سی ای او ڈاکٹر دانش اقبال عطاری نے ہارلے اسٹریٹ بوائز کیمپس، راولپنڈی کا وزٹ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کیمپس انتظامیہ اور اسٹاف سے ملاقات کی، جبکہ کیمپس کے انتظامی امور اور تعلیمی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔













# قربانی کے احکام سے متعلق اسٹاف کے لیے تربیتی سیشن

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے زیرِ اہتمام ہیڈ آفس اسٹاف، ریجنل اسٹاف اور مختلف کیمپسز کے عملے کے لیے قربانی کے ضروری مسائل و احکام کے موضوع پر ایک اسلامی تربیتی سیشن منعقد کیا گیا۔ ہیڈ آفس کے شرکاء نے بالمشافہ جبکہ ریجنل اسٹاف اور کیمپسز کے اسٹاف نے آن لائن شرکت کی۔

سیشن سے مفتی کفیل رضا مدنی نے خطاب کرتے ہوئے قربانی سے متعلق اہم شرعی احکام، فضائل اور ضروری رہنمائی بیان کی۔ بعد ازاں سوال وجواب کا سلسلہ بھی منعقد ہوا، جس میں شرکاء کے مختلف شرعی سوالات کے جوابات دیے گئے۔ اس سیشن کا مقصد شرکاء کو سنتِ نبوی صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے مطابق قربانی ادا کرنے کے لیے درست شرعی رہنمائی فراہم کرنا اور ان کے اسلامی علم میں اضافہ کرنا تھا۔









# چار روزہ پروفیشنل ڈویلپمنٹ پروگرام

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے زیرِ اہتمام 2 تا 5 جون 2026 **principals & coordinators** کے لیے چار روزہ پروفیشنل ڈویلپمنٹ پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس تربیتی پروگرام کا مقصد تعلیمی قیادت کو مضبوط بنانا، تدریسی معیار میں بہتری لانا اور ادارہ جاتی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانا تھا۔

پروگرام میں کلاس روم ٹیچنگ آبزرویشن (CTO)، لیسن پلاننگ، لیڈرشپ اسکلز اور حفظ وناظرہ پروگرام جیسے اہم موضوعات پر جامع تربیت فراہم کی گئی۔ ماسٹر ٹرینر مدنی خان نے شرکاء کو تدریسی مشاہدے، تعلیمی رہنمائی اور مؤثر قیادت کے عملی طریقۂ کار سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر پرنسپلز اور کوآرڈینیٹرز کو باہمی تجربات کے تبادلے، بہترین عملی نمونوں سے استفادہ اور تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے مؤثر حکمتِ عملیوں پر بھی رہنمائی فراہم کی گئی۔
















Who Are You?
LEAD FROM
WHO
YOU ARE






Who Are You?
LEAD FROM
WHO
YOU ARE
Master Trainer: Abdur Rehman


DAR-UL-MADINAH
INTERNATIONAL ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
Educational Quality
Enhancement Framework
The Official Rollout & Alignment Playbook
for the TDM Observation Cycle
For Pre-Primary, Primary & Secondary Grades
T D M
Training Development Monitoring

# دارالمدینہ پنجاب کیمپسز میں سمر کیمپ 2026 کا کامیاب انعقاد

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے پنجاب کیمپسز میں سمر کیمپ **2026** کا کامیاب انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ و طالبات نے بھرپور جوش و خروش سے شرکت کی۔ کیمپ کا مقصد موسمِ گرما کی تعطیلات کو تعمیری، بامقصد اور مفید سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ کی علمی، عملی اور اخلاقی صلاحیتوں کو نکھارنا ہے۔
















سمر کیمپ کے دوران تربیہ سیشنز، اسپوکن انگلش،، میتھس فن، آئی ٹی اسکلز، مصنوعی ذہانت (AI) کا تعارف، بیسک الیکٹرانکس، DIY کرافٹس، فلیم لیس کوکنگ، بِن کریڈیبل رینیول اور بولنگ سمیت متعدد دلچسپ سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔ ان سرگرمیوں نے طلبہ میں سیکھنے کا شوق، تخلیقی سوچ، اعتماد اور عملی مہارتوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا۔






















# دارالمدینہ کراچی گرلز کیمپسز کا میگنیفائی سائنس سینٹر کا تعلیمی دورہ

دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم کے کراچی گرلز کیمپسز کی طالبات نے ٹی ڈی ایف میگنیفائی سائنس سینٹر (TDF Magnifi Science Centre) کا تعلیمی دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد طالبات میں سائنسی شعور، تخلیقی سوچ اور عملی مشاہدے کے ذریعے سیکھنے کے رجحان کو فروغ دینا تھا۔


دورے کے دوران طالبات نے مختلف سائنسی ماڈلز، انٹرایکٹو نمائشوں اور دلچسپ عملی تجربات کا مشاہدہ کیا۔ اس سرگرمی نے طالبات کی علمی استعداد میں اضافہ کرنے کے ساتھ ساتھ سائنس سے دلچسپی اور تحقیق کے جذبے کو بھی تقویت بخشی۔










DAR-UL-MADINAH
CAMBRIDGE O LEVEL SCHOOL
Starting
17
JULY
2026
SUMMER CAMP
2026
Gulshan-e-Maymar
Ayesha Manzil
Timing:
9:00 am to 12:00 pm
Brain Teasers
Educational Games
STEM Activities
Art & Craft
Islamic Etiquettes
Storytelling
Engaging Podcasts
...and a lot more!
FREE for Dar-ul-Madinah students.
Fees for outsiders:
Rs. 4,000/-
FOR REGISTRATION
Gulshan-e-Maymar
+92 310 3332396
Ayesha Manzil
+92 310 3330987
www.darulmadinah.net | Follow us on

# دار المدینہ کیمبرج اولیول کیمپس















Unhook






DAR-UL-MADINAH


DAR-UL-MADINAH

**DAR-UL-MADINAH**
**CAMBRIDGE O LEVEL SCHOOL**

Your child also deserves

# A WORLD-CLASS EDUCATION

**Enrol your child**

at Dar-ul-Madinah Cambridge School

**UK-Based Curriculum with Islamic Tarbiyah!**

**NO ADMISSION FEE** | **SIBILING DISCOUNT** | **NO SECURITY DEPOSIT**

**Limited-Time Offer**

Apply Today

www.darulmadinah.net

**0321-2988120**



0313-2625744
Ayesha Manzil Karachi

0310-3334583
Gulshan-e-Maymar Karachi

0310-5702612
Faisalabad Campus

Essential Education with Tarbiyah

# FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM

DAWAT-E-ISLAMI

Follow us on facebook
FaizanIslamicSchoolSystem

# انتظامی امور کی بہتری کے لیے میٹنگ

فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے سی ای او محمد زبیر مدنی عطاری کی زیرِ صدارت کیمپس ایڈمنسٹریٹرز کے ساتھ ایک اہم میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں انتظامی امور کو مزید مؤثر بنانے، باہمی رابطہ کاری کو مضبوط کرنے اور تعلیمی ماحول کو مزید منظم و فعال بنانے کے حوالے سے مختلف حکمتِ عملیوں پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔

میٹنگ کے دوران معیاری تعلیم کی فراہمی، بہترین انتظامی نظام اور تمام کیمپسز میں مؤثر نظم و نسق کو یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ شرکاء کو ادارے کی ترقی اور انتظامی کارکردگی میں مزید بہتری کے لیے باہمی تعاون اور مشترکہ کاوشوں کی اہمیت پر بھی رہنمائی فراہم کی گئی۔









# پری پرائمری میں ریڈ کلر ڈے کا انعقاد

فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے پری پرائمری سیکشن میں ریڈ کلر ڈے جوش و خروش سے منایا گیا۔ اس موقع پر کلاس روم کو سرخ رنگ کی مختلف اشیاء سے سجایا گیا، جبکہ ننھے طلبہ سرخ رنگ کی مختلف اشیاء اپنے ساتھ لائے اور متنوع سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیا۔

اس سرگرمی کا مقصد بچوں کو رنگوں کی پہچان، مشاہدے اور تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینا تھا۔ دلچسپ تعلیمی سرگرمیوں اور کھیلوں کے ذریعے طلبہ نے نہ صرف سیکھا بلکہ خوشگوار انداز میں ایک یادگار دن بھی گزارا۔










# ٹریفک قوانین سے آگاہی کے لیے تعلیمی سرگرمی کا انعقاد

فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے مختلف کیمپسز میں طلبہ کے لیے ٹریفک رولز ایکٹیویٹی کا انعقاد کیا گیا۔ اس سرگرمی کا مقصد طلبہ میں ٹریفک قوانین، سماجی ذمہ داریوں اور شہری شعور کو اجاگر کرنا تھا تاکہ وہ ذمہ دار شہری بن سکیں۔

اس موقع پر طلبہ نے مختلف عملی سرگرمیوں میں حصہ لیا، جن کے ذریعے انہیں ٹریفک قوانین کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ اس سرگرمی نے طلبہ میں باہمی تعاون، ٹیم ورک اور نظم و ضبط جیسی مثبت صلاحیتوں کو بھی فروغ دیا۔







# سمر کیمپ 2026 کی جھلکیاں

فیضان اسلامک اسکول سسٹم کے سمر کیمپ **2026** میں طلبہ نے علم، تربیت اور تفریح سے بھرپور سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیا۔ آرٹ اینڈ کرافٹ، **STEM** پروجیکٹس، جسمانی سرگرمیوں اور اسلامی تربیتی سیشنز سمیت مختلف پروگرامز نے طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں، عملی مہارتوں اور شخصیت سازی میں اہم کردار ادا کیا۔





















اس سمر کیمپ کا مقصد طلبہ میں خود اعتمادی، تخلیقی سوچ، باہمی تعاون اور اسلامی اقدار کو فروغ دینا تھا، تاکہ وہ علمی و اخلاقی اعتبار سے متوازن، باصلاحیت اور ذمہ دار افراد کے طور پر اپنی صلاحیتوں کو مزید نکھار سکیں۔




















Activity Based Learning
Builds Real
Understanding!
Enrol Now!
Limited Seats
FAIZAN ISLAMIC SCHOOL SYSTEM
DAWAT-E-ISLAMI
0313 - 2625016

# دارُالمدینہ یو ایس اے کیمپس میں سائنس ڈے 2026 منایا گیا۔


دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم میں سائنس ڈے 2026 نہایت جوش و خروش سے منایا گیا۔ اس موقع پر طلبہ نے سائنسی منصوبوں (پروجیکٹس) اور معلوماتی پریزنٹیشنز کے ذریعے اپنی تخلیقی صلاحیتوں، تجسس اور سائنسی علم کا شاندار مظاہرہ کیا۔

اس سرگرمی کا مقصد طلبہ میں سائنسی سوچ، تحقیق، تخلیقی صلاحیتوں اور عملی مشاہدے کے رجحان کو فروغ دینا تھا۔ طلبہ کی محنت، سیکھنے کے جذبے اور پُراعتماد انداز نے اس پروگرام کو کامیاب بنایا اور ان کی علمی و عملی استعداد کو مزید نکھارنے میں اہم کردار ادا کیا۔





















SOLAR POWERED HOUSE
QUESTION:
HYPOTHESIS:
MATERIALS:
DATA TABLE
RESULTS:


SCIENTIFIC METHOD
BIOHAZARD MAP
Question
Hypothesis
Data
Materials
Discovery
Procedure


BIOHAZARD MAP
Question
Hypothesis
Materials
Data
Discovery
Procedure




AIRPLANE LAB
QUESTION:
HYPOTHESIS:
PROCEDURE:
RESULTS:
CONCLUSION:


THE EGG LAB!
QUESTION:
HYPOTHESIS:
RESULTS:
MATERIALS:
PROCEDURE:
CONCLUSION:


ANIMALS



**Dar-ul-Madinah**
**Higher Secondary School**

Separate Campuses for Boys & Girls

# FSc PRE-ENGINEERING

## YOUR GATEWAY TO A BACHELOR'S DEGREE IN THE ENGINEERING FIELD!

**SCHOLARSHIPS AVAILABLE**



**ENROL NOW**
www.dmcollegepk.net

Apply before 31 July and avail discounts!

| KARACHI | FAISALABAD | | RAWALPINDI | | GUJRAT |
|---|---|---|---|---|---|
| AYESHA MANZIL | MADINAH TOWN | | SATELLITE TOWN | | G.T. ROAD |
| GIRLS CAMPUS | GIRLS CAMPUS | BOYS CAMPUS | GIRLS CAMPUS | BOYS CAMPUS | BOYS CAMPUS |
| 0315-8609226 | 0313-2625919 | 0313-2625929 | 0310-3332182 | 0311-9293892 | 0312-6888353 |